© rasailojaraid.com

# ام الکتاب

## (منظوم ترجمہ)

شروع ہو رہا ہے بنامِ خدا
بہت مہرباں ، رحم والا بڑا

ستائش ہے اللہ تعالیٰ کی سب
جو سارے کے سارے جہانوں کا رب

بہت مہرباں ، رحم والا بڑا
وہ مالکِ و مختارِ یومِ جزا

ہر طور تیرے پرستار ہم
تجھی سے مدد کے طلبگار ہم

ہمیں سیدھا رستہ دکھا دیجئے
ہمیں اُن کا رستہ دکھا دیجئے

نوازا جنہیں اپنے انعام سے
نہ اُن کا غضب جن پہ آیا تجھے

ہمیں اُن کا رستہ نہ دکھلایئے
جو گمراہیوں میں ہیں ڈوبے ہوئے

پروفیسر عبدالحق مُرآد باغ آزاد کشمیر

© rasailojaraid.com